یا اللہ! یا رحمن! یا حی! یا قیوم! یا ذوالجلال والاکرام!

- یا اللہ! مجھے ابراہیم علیہ السلام جیسا مضبوط اور کامل ایمان عطا فرما، جو مجھے ہر آزمائش میں ثابت قدم رکھے اور میں صرف تجھ پر بھروسا کروں۔
- یا اللہ! مجھے یوسف علیہ السلام جیسی خوبصورتی، صبر اور اعلیٰ اخلاق عطا فرما، تاکہ میں ہر حال میں صبر و شکر کرنے والا بنوں اور اپنی سیرت و کردار سے دوسروں کے دل جیت سکوں۔
- یا اللہ! مجھے موسیٰ علیہ السلام جیسی ہمت اور حوصلہ عطا فرما، تاکہ میں حق بات کہنے اور باطل کے خلاف ڈٹ جانے کی جرأت رکھوں، اور تیرے دین کی سربلندی کے لیے ہر مشکل کا سامنا کر سکوں۔
- یا اللہ! مجھے سلیمان علیہ السلام جیسی دانائی اور حکمت عطا فرما، تاکہ میں اپنی زندگی کو تیرے احکام کے مطابق بہتر انداز میں گزار سکوں اور دوسروں کے لیے رحمت کا باعث بنوں۔
- یا اللہ! مجھے ایوب علیہ السلام جیسا صبر عطا فرما، تاکہ میں ہر آزمائش میں تیری رضا پر راضی رہوں اور کبھی ناشکری نہ کروں۔
- یا اللہ! مجھے محمد مصطفیٰ ﷺ جیسا اخلاص، فرمانبرداری، حلم، تقوی حسن اخلاق امت کی بھلائی کرنے والی وعظ کلام کرنے کی توفیق نصیب فرما، تاکہ میں دنیا اور آخرت میں تیرے قرب کی مستحق بن جاؤں۔
- یا اللہ! مجھے نوح علیہ السلام جیسا صبر اور استقامت عطا فرما، تاکہ میں ہر مشکل میں ثابت قدم رہوں اور تیرے دین کی دعوت میں کبھی مایوس نہ ہوں۔

- یااللہ! مجھے ہود علیہ السلام جیسا اخلاص عطا فرما، تاکہ میں ہر حال میں صرف تجھ پر توکل کروں اور کسی بھی آزمائش سے نہ گھبراوں۔
- یااللہ! مجھے شعیب علیہ السلام جیسی سچائی اور دیانت عطا فرما، تاکہ میں ہر معاملے میں انصاف کرنے والا بنوں اور کبھی دھوکہ نہ دوں۔
- یااللہ! مجھے داؤد علیہ السلام جیسی حکمت، انصاف اور قوت عطا فرما، تاکہ میں درست فیصلے کر سکوں اور اپنی زندگی کو تیرے حکم کے مطابق گزار سکوں۔
- یااللہ! مجھے زکریا علیہ السلام جیسی عاجزی اور اخلاص عطا فرما، تاکہ میں ہمیشہ تیری رحمت کی طلب گار رہوں اور نیک اولاد کی دعا کرنے والی بنوں۔
- یااللہ مجھے صالح اولاد سے نواز اور میری نسل کے سب لوگ صالح ہوں دین کے علمبردار ہوں اور ان میں نبیوں والا اخلاص، صحابیات جیسی حیا اور وقار ہو۔ اور سب تیرے لیے فرمانبردار ہوں۔ دلیری اور شجاعت ہو ان میں
- یااللہ! مجھے یحییٰ علیہ السلام جیسی پاکیزگی اور تقویٰ عطا فرما، تاکہ میں ہر گناہ سے بچا رہوں اور تیری یاد میں زندگی گزاروں۔
- یااللہ! مجھے عیسیٰ علیہ السلام جیسا حلم اور والدین کی فرمانبرداری عطا فرما، تاکہ میں دوسروں کو معاف کرنے والا بنوں اور اپنے دل کو ہر قسم کی نفرت اور بغض سے پاک رکھوں۔
- یارب! مجھ سے راضی رہنا اور مجھے ایسے کاموں کی توفیق دے جو تجھے راضی کریں، اور مجھے اپنے پسندیدہ بندوں میں شامل فرما
- یااللہ! میرے گناہ معاف کر دے اور مجھے ایسے اعمال کی توفیق دے جو میرے اعمال نامے سے ان گناہوں کو مٹا دیں
- یااللہ! مجھے صراط مستقیم کا راستہ عطا فرما
- یااللہ! مجھے اور میرے گھر والوں کو دین پر استقامت دے اور ہمیں گمراہ ہونے سے بچا
- یااللہ! میرے اور میرے گھر والوں کے لیے ہمیشہ کے لیے حلال رزق کے دروازے کھول دے
- یااللہ! میرے اخلاق کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اخلاق کی طرح خوبصورت بنا دے
- یااللہ! میرے بولنے، عمل کرنے اور معاملات میں میرے اخلاق بہترین بنا دے
- یااللہ! میرے وسیع رزق کے دروازے کھول اور ہر مرحلے میں آسانی عطا فرما
- یااللہ! اپنی محبت کو میری زندگی میں ہر چیز اور ہر انسان سے زیادہ کر دے
- یااللہ! مجھے ہدایت دے کہ میں ان لوگوں اور اعمال سے محبت کروں جن سے تو محبت کرتا ہے

- یااللہ! میرے دل کو ان باتوں سے آزاد کر دے کہ لوگ کیا کہتے اور کیا سوچتے ہیں، اور مجھے لوگوں کے رویوں سے بے نیاز کر دے
- یااللہ! مجھے ان لوگوں میں شامل کر دے جو دوسروں کے لیے فائدہ مند ہیں اور جو اپنے علم و عمل کی وجہ سے اچھے نقوش چھوڑ جاتے ہیں
- یااللہ! میری تمام صلاحیتیں اپنے دین کی خدمت میں استعمال کرا اور مجھے دنیاوی معاملات میں ضائع ہونے سے بچا
- یااللہ! مجھے اور میرے گھر والوں کو صحت عطا فرما اور اپنی عافیت میں رکھ
- یااللہ! میرے گھر کو متقین، صابرین اور محسنین کا گھر بنا دے
- یااللہ! میرے والدین کو صحت اور خوشیوں سے نواز، انہیں صابر و شاکر بنا، اور ہر قسم کی برائی اور مصیبت سے محفوظ رکھ
- یااللہ! میرے سب اساتذہ کو بہترین دین و دنیا کی بھلائیاں عطا فرما، انہیں مکمل صحت عطا کر، اور اپنی عافیت میں رکھ اور ان سب کیلئے رزق کے دروازے کھول
- یااللہ! مجھے اپنے والدین اور اساتذہ کی خدمت کرنے کے بہترین مواقع عطا فرما
- یااللہ! میرے دادا جان، دادی جان نانا جان اور جو امت مسلمہ میں فوت ہو چکیں ہیں، ان کے درجات بلند فرما، اور انہیں جنت الفردوس عطا فرما
- یااللہ! میرے گھر والوں کو دین کے کاموں میں میرا مددگار بنا
- یااللہ! ہمارے گھر والوں کے دل نرم کر دے اور جو تجھ سے دور ہیں، انہیں ہدایت عطا فرما
- یااللہ! میرے رزق میں برکت اور وسعت عطا فرما
- یااللہ! مجھے ایمان اور اسلام کی حالت میں شہادت کی موت نصیب فرما
- یااللہ! قرآن کو میرے دل کی بہار بنا، اس پر عمل کرنا میرے لیے آسان کر، اور مجھے قرآن کو خوبصورت انداز میں پڑھنے کی صلاحیت عطا فرما
- یااللہ! میری زندگی کو قرآن اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے مطابق بنا دے
- یااللہ! مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنتوں کو زندہ کرنے والا بنا اور اللہ کے بعد ان سے سب سے زیادہ محبت کرنے والا بنا
- یااللہ! جو کچھ میں نے سیکھا ہے وہ میرے عمل کا حصہ بن جائے اور اچھے اعمال کرنے میں مجھے استقامت نصیب فرما
- یااللہ! مجھے لوگوں سے اللہ کی خاطر محبت کرنے والا اور دوسروں کو اللہ سے جوڑنے کا ذریعہ بنا

- یااللہ! میری زندگی سے ہر قسم کا جھوٹ، ریا اور غیبت نکال دے اور میرے دل میں ان چیزوں کی نفرت پیدا کر دے
- یااللہ! مجھے ہمت اور حوصلہ عطا فرما کہ میں اللہ کے حقوق اور بندوں کے حقوق محسنوں کی طرح ادا کر سکوں
- یااللہ! مجھے میرے گھر والوں، بچوں، شاگردوں اور ہر ایک کے لیے اچھا نمونہ بنا
- یااللہ! مجھے دنیا، دین اور آخرت کی ہر خیر نصیب فرما
- یااللہ! مجھے توفیق دے کہ میں بہترین نماز قائم کروں جو میری آنکھوں کی ٹھنڈک بنے
- یااللہ میں نے بہت پہلے اپنا دل تیرے حوالے کر دیا تھا اس میں اپنی محبت کے علاوہ ہر حرام کی محبت کو نکال دیں
- یااللہ! مجھے ہر نیک کام میں مستقل مزاجی عطا کر
- یااللہ! مجھے ایسے اچھے اعمال کی توفیق دے جن کی وجہ سے قیامت کے دن تیرا سایہ نصیب ہو
- یااللہ! میرے صدقات قبول فرما اور قیامت کے دن انہیں میرے لیے سایہ بنا
- یااللہ! اپنے دین کے بہترین کام کے لیے مجھے چن لے یااللہ میں جو جو بھی دین کا کام کر رہی اور جو میری ٹیم کر رہی رہے یااللہ اسکو قبول کر لیں
- یااللہ! مجھے ان لوگوں میں شامل کر جنہیں اپنے رب کا دیدار نصیب ہو
- یااللہ! مجھے اور میرے گھر والوں کو اپنے دین کی خدمت کے لیے منتخب فرما
- یااللہ! مجھے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرما
- یااللہ! مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت نصیب فرما
- یااللہ! میرے دل کو ہر قسم کے کینہ اور منافقت سے پاک کر دے
- یااللہ! میری نیت کو ہمیشہ کے لیے اپنے لیے خالص کر دے
- یااللہ! مجھے بغیر حساب و کتاب اور سوال و جواب کے جنت میں داخل فرما
- یااللہ! مجھے علم، ہنر اور ایسی صلاحیتیں دے کہ میں غیر مسلموں کو مؤثر انداز میں دعوت دے سکوں اور انہیں اسلام کی طرف بلا سکوں
- یااللہ! مجھے توفیق دے کہ میں انکو لوگوں تک تیرے دین کو پہنچاؤ جن کو آج تک کسی نے دین کی طرف نہیں بلایا
- یااللہ! مجھے اللہ سے ڈرنے والے نیک دوست عطا فرما
- یااللہ! مجھے نیک اور صالح زوج اولاد عطا فرما

- یااللہ! میرے بہن بھائیوں کو اچھی صحت، خوشیاں، ایمان اور برکتیں عطا فرما اور انکی خواہشات کو احسن طریقے سے پورا فرما
- یااللہ! میرے تمام رشتے داروں اور کزنز کو متقی، محسن اور اچھا مسلمان بنا
- یااللہ! دنیاوی تعلیم میں ان کی مدد فرما، انہیں کامیابی عطا کر، اور ان کے دلوں میں دین کی محبت مضبوط کر
- یااللہ! مجھے جہنم کی گرمی نہ دکھانا اور نہ ہی محسوس کرانا
- یااللہ! مجھے جہنم کی آگ اور اس کی سزا سے محفوظ رکھ
- یااللہ! مجھے میری قبر میں پرسکون نیند نصیب فرما
- یااللہ! میری قبر کو روشن، کشادہ اور جنت کے باغوں میں سے ایک باغ بنا
- یااللہ! قرآن کو اس دنیا میں، قبر میں اور حشر میں میرا ساتھی بنا
- یااللہ! مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی شفاعت نصیب فرما اور حوض کوثر سے پانی عطا فرما
- یااللہ! مجھے اچھی دعا اور اچھی عبادت کرنے کی توفیق عطا فرما
- یااللہ! مجھے اور میرے گھر والوں کو جہنم کی آگ سے بچا اور ہمیں ان اعمال سے محفوظ رکھ جو ہمیں جہنم کے قریب کر دیں
- یااللہ! اگر میں کبھی دنیاوی نعمتوں سے محروم رہوں تو اس کا بہتر بدلہ مجھے آخرت میں عطا فرما
- یااللہ! مجھے قیامت کے دن کی رسوائی اور شرمندگی سے بچا
- یااللہ! میرے تمام گناہ بخش دے، چاہے وہ چھوٹے ہوں یا بڑے، پہلے کے ہوں یا بعد کے، ظاہری ہوں یا پوشیدہ
- یااللہ! مجھے علم کے ساتھ حکمت بھی عطا کر اور مجھے شکر گزار اور نعمتوں کی قدر کرنے والا بنا
- یااللہ! میری زبان کو ہمیشہ ذکر، شکر اور دعا میں مصروف رکھ، اور مجھے ایسے الفاظ کہنے کی توفیق دے جو تیرے ہاں قبول ہوں۔
- یااللہ! مجھے ہر حال میں صبر اور شکر کی توفیق عطا فرما، اور میری زندگی کو تیری رضا کے مطابق بنا۔
- یااللہ! مجھے ہر اس جگہ سے بچا جہاں میرا ایمان کمزور ہو سکتا ہے، اور مجھے ان لوگوں کے ساتھ رکھ جو مجھے تیری طرف لے آئیں۔
- یااللہ! مجھے ایسا بنا دے کہ میرے ہونے سے کسی کا دل نہ دکھے، اور میری موجودگی دوسروں کے لیے باعثِ راحت ہو۔

- یااللہ! میرے دل کو حسد، بغض، کینہ اور نفرت سے پاک کر دے، اور اسے محبت، اخلاص اور خیر خواہی سے بھر دے۔
- یااللہ! میرے علم میں برکت دے اور مجھے اسے بہترین طریقے سے دوسروں تک پہنچانے کی توفیق عطا فرما۔
- یااللہ! مجھے ایسا رزق عطا کر جو میرے لیے حلال، پاکیزہ اور بابرکت ہو، اور مجھے حرام اور مشکوک چیزوں سے دور رکھ۔
- یااللہ! میرے دل کو دنیا کی محبت سے نکال کر اپنی محبت اور آخرت کی طلب سے بھر دے۔
- یااللہ! میرے لیے دعا کرنے والوں کی دعاؤں کو قبول فرما، اور مجھے بھی دوسروں کے لیے بہترین دعا کرنے والا بنا۔
- یااللہ! مجھے توبہ کی توفیق دے، اور میری توبہ کو قبول فرما، تاکہ میں ہر لمحہ تیری طرف رجوع کرتا رہوں۔
- یااللہ! مجھے اپنی رحمت کے وہ دروازے دکھا جن کا میں تصور بھی نہیں کر سکتا، اور مجھے ایسے اسباب بنا دے جو میری آخرت سنوار دیں۔
- یااللہ! میرا نام ان لوگوں میں لکھ دے جنہیں تو بغیر حساب و کتاب کے جنت میں داخل کرے گا۔
- یااللہ! میرے آنسوؤں کو قبول فرما، میرے سجدوں کو قبول فرما، اور میری ہر دعا کو قبول فرما۔
- یااللہ! میری زندگی، موت، قبر، حشر، اور ہر مرحلے کو آسان کر دے، اور مجھے جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرما۔
- یااللہ! مجھے وہ وقت نہ دکھانا جب دنیا کی محبت میرے دل پر غالب آ جائے اور میں آخرت کو بھول جاؤں۔
- یااللہ! میرے اعمال کو میری جنت میں جانے کا ذریعہ بنا، اور مجھے جہنم کی ہر چیز سے بچا لے۔
- یااللہ! اگر میں کبھی بھٹک جاؤں تو مجھے واپس تیری طرف لوٹنے والا بنا دے۔
- یااللہ! مجھے اپنی نعمتوں کا قدردان بنا، اور ناشکری اور غفلت سے محفوظ رکھ۔
- یااللہ! جو بھی میرے حق میں دعا کرے، اس کی ہر جائز حاجت پوری فرما، اور اسے بھی دنیا و آخرت کی بھلائیاں عطا فرما۔
- یااللہ! مجھے اپنی رحمت سے اس مقام پر پہنچا دے جہاں میرا ہر عمل تیری رضا کے مطابق ہو۔

- یااللہ! میرے دل کو اپنے ذکر سے زندہ رکھ، اور مجھے وہ اعمال عطا کر جو قیامت کے دن میرے لیے نجات کا ذریعہ بنیں۔
- یااللہ! میرے اور میرے پیاروں کے حق میں ہر آنے والا لمحہ خیر و برکت والا بنا، اور ہمیں ہر قسم کے شر اور فتنوں سے محفوظ رکھ۔
- یااللہ! ہمیں ہر وقت اور ہر جگہ اپنی پناہ میں رکھ، اور ہمیں ہمیشہ اپنی حفاظت میں رکھ۔
- یااللہ محبت کرنے والا نرم دل لوگوں سے بے نیاز دل اور تیری یاد سے سکون پانے والا دل عطاء کر۔
- یااللہ رشتوں میں محبت، خلوص اور رحمت عطا کر
- یااللہ اپنی محبت عطا کر ایسی محبت کہ جس دل میں رچ بس جائے۔
- یااللہ آنکھوں کو ٹھنڈک اور دل کو قرار عطا کر۔

آمِیْــــن اللّٰــھُمَّ آمِیْــــــن

تقبل الله منا ومنكم

INSIGHT OF QURAN
EDUCATION FOR WOMEN